CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Dated: 21 SEP 2024 Page No. 1

Bullet No. 1

## حکومت کا اولین مقصد عوام کے معیار زندگی میں بہتری ہے، بخت کاکڑ

**محکموں میں اصلاحات لائی جارہی ہیں، بدعنوانی یا غفلت برداشت نہیں کی جائیگی، گفتگو**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے عین مطابق صوبے میں گڈ گورننس اور مختلف محکموں میں اصلاحات لانے کے لیے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا اولین مقصد عوام کو بہتر معیار زندگی فراہم کرنا ہے، جس میں صحت کا شعبہ خصوصی توجہ کا مرکز ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر صحت نے اپنے آفس میں مختلف وفود ملاقات کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صحت کے شعبے میں گورننس کے معیار کو بلند کرنے کے لیے بھی اصلاحات کی جارہی ہیں، جن کا مقصد نظام کی شفافیت اور کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کیا کہ کسی قسم کی بدعنوانی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

## سردارزادہ فیصل جمالی کو لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری کا قلمدان تفویض

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کیبنٹ سیکشن کے جاری نوٹیفیکیشن کے مطابق وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے حکومت بلوچستان کے رولز آف بزنس 2012 کے قاعدہ 3 کے تحت سردارزادہ فیصل خان جمالی کو محکمہ لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری کا قلمدان تفویض کردیا ہے۔

## ریلوے کی گریڈ ایک تا 16 ایک ہزار 967 اسامیاں ختم کردی گئیں

**کوئٹہ ڈویژن میں کمرشل برانچ کی 67 اسامیاں ختم کی گئیں، ملازمین کو مرحلہ وار فارغ کرنے کا پلان تیار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزارت ریلوے نے گریڈ ایک سے 16 تک کی ایک ہزار 967 اسامیاں ختم کردیں۔ ملازمین کو مرحلہ وار فارغ کرنے کا پلان بھی تیار کرلیا گیا۔ وزارت ریلوے کے چیئرمین کی منظوری کے بعد ریلوے کے 7 ڈویژن سے گریڈ ایک سے 16 تک ریلوے کی کمرشل برانچ کی 7 کیٹگری سے ایک ہزار 967 آسامیوں کو ختم کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق کوئٹہ ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 117 اسامیاں تھیں۔ جس میں سے اب 67 آسامیاں ختم کردی گئیں۔ موجود تعداد 50 ہے۔ کراچی ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 1001 آسامیاں تھیں۔ جس میں سے اب 546 اسامیاں ختم کردی گئیں۔ موجود تعداد 455 ہے۔ سکھر ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 520 آسامیاں تھیں۔ جس میں سے اب 254 آسامیاں ختم کردی گئیں۔ اور موجود تعداد 266 ہے۔ ملتان ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 609 آسامیاں تھیں۔ اب 269 آسامیاں ختم کردی گئیں اور موجود تعداد 340 ہے۔ لاہور ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 938 آسامیاں تھیں۔ جس میں سے اب 551 آسامیاں ختم کردی گئیں۔ اور موجودہ تعداد 387 ہے۔ راولپنڈی ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 460 آسامیاں تھیں۔ اب 149 آسامیاں ختم کردی گئیں اور موجودہ تعداد 311 ہے۔ اسی طرح پشاور ڈویژن میں 2018 میں کمرشل برانچ میں 318 آسامیاں تھیں۔ جس میں سے اب 131 آسامیاں ختم کردی گئیں۔ موجودہ آسامیوں کی تعداد 187 ہے۔ 2018 میں 7 ڈویژنوں میں 3 ہزار 963 ملازمین کام کررہے تھے جن میں سے ایک ہزار 967 کو فارغ کردیا گیا۔ اب ملازمین کی تعداد ایک ہزار 996 رہ گئی ہے۔ ریلوے نے مختلف شعبوں کی 127 کیٹگریوں سے مزید 13 ہزار ملازمین کو فارغ کرنے کا بھی حتمی فیصلہ کرلیا گیا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## ...ستان ایجوکیشن کمیونٹی سکول ٹیچرز و این سی ایچ ڈی کے 40 عارضی اساتذہ مستقل

**...کمپلیکس پشین آرڈرز تقسیم کی تقریب منعقد ڈی ای او ڈی سی زاہد خان بھی موجود**

...(خ ن) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی اور ...تعلیم محمد صالح ناصر کی خصوصی ہدایت کی روشنی ...کمپلیکس پشین میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ...زمان ترین نے "بلوچستان ایجوکیشن کمیونٹی ...ٹیچرز" اور این سی ایچ ڈی کے 40 عارضی اساتذہ کے مستقل آرڈر جاری کردیے ضلع پشین کے 40 بند سکولوں کو فعال کردیا گیا مجموعی طور پر ڈسٹرکٹ کے 87 بند سکولوں کو فعال کردیا گیا ہے اساتذہ میں مستقل آرڈرز تقسیم کرنے کی تقریب میں ڈپٹی کمشنر زاہد خان اور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر بھی شریک تھے۔

## ...کے دوران وعدوں کی تکمیل ہمارا نصب العین ہے، میر حسن زہری

**...پی پی کے پیروکار انتقامی کارروائیوں کی سیاست کے قائل نہیں، صوبائی وزیر صنعت وحرفت**

...(خ ن) صدر مملکت آصف علی زرداری کے ...برائے بلوچستان صوبائی مشیر صنعت ...میر علی حسن زہری نے کہا ہے کہ ضلع حب ...سے کئے گئے انتخابی وعدوں کی تکمیل ...العین ہے ضلع حب کے تمام علاقوں میں بلاامتیاز ترقیاتی کام جاری ہیں ہم انتقامی کارروائیوں کی سیاست کے قائل نہیں شہید بینظیر بھٹو کی نظریات کے پیروکار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ضلع حب کے دورے ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

کے موقع پر لیڈا میں اجلاس کی صدارت کے دوران اپنے خطاب میں کیا میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عام آدمی کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے کوشاں ہے ایڈوائزر انڈسٹریز اینڈ کامرس نے لیڈا کانفرنس ہال میں ضلع کے شہری مسائل سے متعلق اجلاس کی صدارت کے دوران مختلف سرکاری محکموں کے افسران سے بریفنگ لی اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل علی رضا کھوسہ ڈی ایچ او ڈاکٹر نور بخش ایم ڈی لیڈا میجر ریٹائرڈ الیاس کبزئی ایکسین محکمہ مواصلات وتعمیرات اور دیگر محکموں کے افسران شریک ہوئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر حب ڈاکٹر نور بخش بزنجو نے مشیر ایڈوائزر کامرس اینڈ انڈسٹریز کو بریفنگ میں بتایا کہ آپکی کوششوں کی بدولت ضلع حب میں سانپ اور کتے کے کاٹنے سے بچاؤ کی ویکسین انجکشن وافر مقدار میں ہمیں ملی ہے

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 SEP 2024 Page No. 2

## افسران سروس ڈیلیوری کی بہتری کیلئے اقدامات تیز کریں، چیف سیکرٹری

### چار ماہ میں اساتذہ کی بھرتی مکمل، غیر فعال سکولز کو فعال کیا جائے، کمشنرز کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعہ کو صوبے میں آئی پی ایم ایس پر اوور ڈیو کیسز، اسمگلنگ کی روک تھام، معیاری تعلیم اور صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی، پرائس کنٹرول، عارضی بنیادوں پر اساتذہ کی بھرتیاں اور زرعی ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے کے حوالے سے ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں مختلف متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ شہاب علی شاہ،، سیکرٹری جنگلات دوستین خان جمالدینی، سیکرٹری سوشل ویلفیئر عبدالرحمٰن بزدار، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ جبکہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام آفیسران اپنے متعلقہ اداروں میں سروس ڈیلیوری کی بہتری کے لئے اقدامات مزید تیز کریں تا کہ عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی دہلیز پر حاصل ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ نے محکمہ تعلیم میں اساتذہ کی کنٹریکٹ پر بھرتیوں کی منظوری دی ہے اور تمام ڈپٹی کمشنرز کو ہدایت کی کہ چار ماہ کے اندر عارضی بنیادوں پر اساتذہ بھرتی کر کے غیر فعال سکولز کو فعال اور معیاری تعلیم کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتالوں میں صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی حکومت کی زمہ داری ہے ہسپتالوں میں ادویات کی خریداری کی پروسیس مکمل کر کے جلد ادویات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں تا کہ کوئی سرکاری نرخ نامے کی خلاف ورزی نہ کرے۔ چیف سیکرٹری بلوچستان نے ہدایت کی کہ ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور سکولز میں اساتذہ کی حاضری ہر صورت یقینی بنائیں۔ سکولوں میں اساتذہ کی غیر حاضری اور ڈاکٹرز کی غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، غیر حاضر ڈاکٹرز اور اساتذہ کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اس موقع پر تمام ڈویژنل کمشنرز نے اپنے متعلقہ ڈویژن سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ تمام ڈویژنز کی انتظامیہ نے دورے کئے ہیں اور اس میں نصیر آباد 347، رخشاں 134، قلات 176، کوئٹہ 193، سبی 272، ژوب کے 172 دورے شامل ہیں۔ ان دوروں میں ہسپتالوں، سکولوں، بی ایچ یوز اور آر ایچ سیز، بازاروں کے دورے شامل ہیں اور صوبے میں ابھی تک 811 غیر فعال سکولز کو فعال کئے گئے ہیں غیر حاضر اساتذہ کے خلاف شوکاز نوٹسز جاری کئے ہیں اور 36 لیویز اہلکاروں کو غیر حاضری پر نوکری سے برخاست کر دیئے گئے ہیں جبکہ تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 181 ایکڑ سرکاری اراضی کو واگزار کیا گیا ہے۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## آفیسران اپنے اداروں میں سروس ڈیلیوری میں بہتری لائیں، چیف سیکرٹری

### ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور سکولز میں اساتذہ کی حاضری یقینی بنائی جائے

### ڈپٹی کمشنرز چار ماہ کے اندر عارضی بنیادوں پر اساتذہ بھرتی کر کے غیر فعال سکولز کو فعال بنائیں

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعہ کے روز صوبے میں آئی پی ایم ایس پر اوور ڈیو کیسز، اسمگلنگ کی روک تھام، .......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

معیاری تعلیم اور صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی، پرائس کنٹرول، عارضی بنیادوں پر اساتذہ کی بھرتیاں اور زرعی ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے

کے حوالے سے ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس کا انعقاد ہوا جس میں مختلف متعلقہ امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ شہاب علی شاہ،، سیکرٹری جنگلات دوستین خان جمالدینی، سیکرٹری سوشل ویلفیئر عبدالرحمٰن بزدار، سیکرٹری انڈسٹریز درا بلوچ، سیکرٹری ٹرانسپورٹ محمد حیات کاکڑ جبکہ کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز نے بذریعہ وڈیو لنک شرکت کی چیف سیکرٹری نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام آفیسران اپنے متعلقہ اداروں میں سروس ڈیلیوری کی بہتری کے لئے اقدامات مزید تیز کرے تا کہ عوام کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی دہلیز پر حاصل ہو سکے۔

Scanned with CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 SEP 2024

Page No. 3


## سرکاری ملازمین کی معاونت کیلئے خصوصی کاؤنٹر قائم کیے جائیں' ایف بی آر

**تنخواہوں سے ٹیکس کٹوتی کے باوجود گوشوارے جمع کرانے کی شرح کم ہے' محکموں کو مراسلہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایف بی آر نے قابل ٹیکس آمدن والے سرکاری افسران اور ملازمین کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے وفاقی وزارتوں اور ڈویژنوں کے سیکرٹریز اور وفاقی وصوبائی محکموں کے سربراہان کو خطوط ارسال کئے ہیں ذمہ دار ذرائع کے مطابق مراسلے میں کہا گیا ہے کہ ملازمین کے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرنے کیلئے دفاتر میں ایف بی آر کے خصوصی ٹیکس کاؤنٹرز کے قیام کی سہولت دی جائے ایف بی آر سرکاری افسران اور ملازمین کی تنخواہوں سے ٹیکس کٹوتی کرتا ہے تاہم اس کے باوجود گوشوارے جمع کرانے کی شرح کم ہے اب اس ضمن میں فیصلہ کیا ہے کہ وفاقی وصوبائی محکموں میں خصوصی کاؤنٹر قائم کئے جائیں جہاں ایف بی آر کا عملہ ملازمین کے گوشوارے جمع کرنے میں ان کی معاونت کرے گا۔

## اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے خلاف انتخابی عذرداری کی سماعت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عبداللہ بلوچ پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے حلقہ پی بی 51 چمن پر اے این پی کے اصغرخان اچکزئی کی جانب سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے خلاف دائر انتخابی عذرداری کی سماعت کی۔ اور اصغرخان اچکزئی کا بیان قلمبند کیا گیا۔ بعدازاں الیکشن ٹریبونل نے کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کو اگلی سماعت پر بیان قلمبند کرنے کیلئے طلب کرتے ہوئے سماعت ملتوی کردی۔

## بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس 24 ستمبر کو طلب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان شیخ جعفرخان مندوخیل نے آئین کے آرٹیکل 109 اے کے تحت بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس منگل 24 ستمبر کو سہ پہر 3 بجے طلب کیا ہے اجلاس کے دوران تمام محکموں کے افسران واہلکاران، پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا کے نمائندوں اور تمام وزیٹرز کا اسمبلی میں داخلہ بذریعہ کارڈ ہوگا جبکہ تمام سرکاری و غیر سرکاری مسلح سیکورٹی گارڈز کا اسمبلی اجلاس کے دوران اسمبلی سیکرٹریٹ میں داخلہ ممنوع ہوگا۔

## ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں، گرانفروشی پر 6 دکاندار گرفتار کر لئے گئے

**76 دکانوں وہوٹلوں کا معائنہ، 13 دکانداروں اور ہوٹل مالکان پر 35 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا**

کوئٹہ (خ ن) کوئٹہ میں پرائس کنٹرول کمیٹی کی کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں گزشتہ روز شہر کی 76 دکانوں اور ہوٹلوں کا معائنہ کیا گیا جس میں خلاف ورزی کے مرتکب 6 دکاندار گرفتار، 13 دکانداروں اور ہوٹل مالکان پر 35 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیر نگرانی مختلف علاقوں میں ہوٹلوں اور گرانفروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لائی گئی۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون اور ڈائریکٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن نے ایئرپورٹ روڈ پر واقع مختلف ہوٹلوں اور ریستورانوں کا معائنہ کیا اس موقع پر ہوٹلوں اور ریستورانوں میں قیمتوں، حفظان صحت اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی کرنے اور صفائی کا خیال نہ رکھنے پر مختلف ہوٹل مالکان پر جرمانے عائد اور انہیں آئندہ کے لیے سخت وارننگ جاری کی گئی اسکے ساتھ مجسٹریٹ سریاب نے ہزار گنجی میں پرائس کنٹرول کمیٹی کے تحت گرانفروشوں اور منی پیٹرول پمپ مالکان کے خلاف کارروائیاں کیں۔ اس دوران چکن اور مٹن شاپس اور منی پیٹرول پمپ کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 دکانداروں کو گرفتار کرلیا گیا۔


MASHRIQ QUETTA


## عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، اسپیکر بلوچستان اسمبلی

**چمن کے تمام محکموں کے افسران عوامی مسائل کے حل کے لئے ایک ماہ کے اندر عملی اقدامات اٹھائیں**

**غیر حاضر اساتذہ کو ملازمت سے برخاست کر کے متبادل اساتذہ تعینات کیے جائیں، عبدالخالق اچکزئی**

کوئٹہ (این این آئی) اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی نے کہا ہے کہ چمن میں تعلیم، صحت، ......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

پاسپورٹ آفس، بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سمیت تمام محکموں کے افسران عوامی مسائل کے حل کے لئے ایک ماہ میں عملی اقدامات اٹھائیں، عوام مسائل کے حل کے لئے کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا یہ بات انہوں نے جمعہ کو بلوچستان اسمبلی کے کمیٹی روم میں چمن کے مسائل پر ٹاسک فورس کے گیارواں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے چمن کے نمائندے کی حیثیت سے سرکاری محکموں کے سربراہان پر چمن میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے فوری کارروائی کی ضرورت پر زور دیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اسپیکر عبدالخالق اچکزئی نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ غیر حاضر اساتذہ کو جلد از جلد ملازمت سے برخاست اور ان کی جگہ متبادل اساتذہ تعینات کیے جائیں۔ اسپیکر نے کہا کہ غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ کھولا جائے اور ہائیر ایجوکیشن میں لیکچرارز کی کمی کو جلد از جلد پورا کیا جائے۔ اجلاس میں صحت کے مسائل پر فیصلہ کیا گیا کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال کو جلد از جلد ضروری ادویات فراہم کی جائے اور ضلع میں ڈاکٹروں کی حاضری کو یقینی بنایا جائے۔ اسپیکر نے کہا کہ پاسپورٹ آفس میں بدعنوانی کا ازالہ کیا جائے اور موجودہ ملازمین کی جگہ نیا عملہ مقرر کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے مستحق افراد کے فنڈز سے کٹوتیوں کو روکنے کے لیے اقدامات کئے جائیں۔ پھل اور سبزی منڈیوں، ٹرک ٹرمینلز اور دیگر انفراسٹرکچر کو جلد از جلد فعال کیا جائے، اور چینی پرمٹ کے نظام کو ختم کر دیا جائے۔

## مکران ریجن پولیس کی مختلف اضلاع میں کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار

**گرفتار ملزمان سے چوری شدہ سامان اور اسلحہ برآمد مقدمات درج کر کے تفتیش شروع**

گوادر (خ ن) ڈی آئی جی پولیس مکران ریجن، ڈاکٹر فرحان زاہد کی خصوصی ہدایات پر مکران ریجن پولیس نے مختلف اضلاع میں شاندار اور مؤثر کاروائیاں کرتے ہوئے متعدد ملزمان کو گرفتار کیا اور چوری شدہ سامان برآمد کیا۔ پولیس تھانہ سٹی پسنی نے مقدمہ فرد نمبر 66/2024 بجرم 457/380 ت پ میں کامیاب کاروائی کرتے ہوئے ملزم فاروق ولد محمد عمر (سکنہ وارڈ 5، پسنی) کو گرفتار کیا۔ ملزم کے قبضے سے دو چوری شدہ موبائل فون برآمد کر لیے گئے۔ ملزم کو مزید تفتیش کے لیے انویسٹیگیشن افسر کے حوالے کر دیا گیا۔ تربت پولیس نے بھی ایک کامیاب آپریشن میں ملزم طارق ولد فیض محمد (سکنہ کلگ، تربت) کو گرفتار کیا۔ ملزم کے خلاف تھانہ سٹی تربت میں مقدمہ فرد نمبر 161/2024 بجرم 34، 394 ت پ درج کیا گیا ہے اور اس سے مزید تفتیش جاری ہے۔ ضلع پنجگور میں پولیس نے تسپ اور سریکوران کے علاقوں میں دو اہم کاروائیاں کیں۔ پہلے آپریشن میں ملزم عبدالرحمٰن ولد نواز علی (سکنہ بونستان، پنجگور) کو گرفتار کیا گیا۔


Scanned with CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 21 SEP 2024 Page No. 5

## کوئٹہ، ہزارہ ٹاؤن میں چاردیواری سے 7 سالہ بچے کی ذبح شدہ لاش برآمد

**ملزمان نے لاش جلانے کی بھی کوشش کی، ارمان علی گھر کے باہر سے لاپتہ ہوا، مقدمہ سیریس کرائم کے حوالے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ہزارہ ٹاؤن میں ایک چاردیواری سے سات سالہ بچے کی ذبح شدہ لاش برآمد ہونے پر علاقے میں خوف ہراس پھیل گیا۔ پولیس کے مطابق ہزارہ ٹاؤن پارک کے قریب چار دیواری کے اندر سے سات سالہ بچے کی لاش ملی، پولیس نے لاش تحویل میں لے کر بی ایم سی ہسپتال پہنچائی جہاں اس کی شناخت ارمان علی ولد نعیم علی کے نام سے ہوئی جسے نامعلوم افراد نے ذبح کرنے کے بعد جلانے کی بھی کوشش کی، پولیس نے بتایا کہ والد کے مطابق ارمان علی دوپہر کھانا کھانے کے بعد گھر سے باہر بچوں کے ساتھ کھیل رہا تھا، کچھ دیر بعد وہ لاپتہ ہو گیا بعدازاں اس کی لاش گھر سے متصل چار دیواری سے ملی، پولیس نے بتایا کہ پوسٹ مارٹم کے بعد ہی اصل صورتحال واضح ہوگی، جبکہ ملزمان کی تلاش کیلئے سی سی ٹی وی کیمروں کو بھی چیک کیا جارہا ہے۔ پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سیریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ منتقل کر دیا۔

## پنجگور: زمین کے تنازع پر فائرنگ

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے شاپاتان میں زمین کے تنازع پر دو گروپوں میں فائرنگ کے نتیجے میں عابد نامی شخص زخمی ہو گیا زخمی کو فوری طور پر ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔

## تربت: گولی لگنے سے خاتون زخمی

تربت (نامہ نگار) سنگانی سر میں نامعلوم شخص کی فائرنگ سے ایک خاتون سارہ بنت مراد بخش گولی لگنے سے زخمی ہو گئی۔ جسے طبی امداد کے لیے ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## تربت: شادی کی تقریب کے دوران ہوائی فائرنگ سے بچہ ہلاک، خاتون زخمی

تربت (نامہ نگار) تحصیل تمپ کے علاقہ گومازی میں ایک شادی کے دوران ہوائی فائرنگ سے 12 سالہ بچہ عبدالرحیم ولد داد کریم گولی لگنے سے موقع پر ہلاک جب کہ سارہ نامی بیوہ خاتون ہاتھ پر گولی لگنے سے زخمی ہو گئی۔

## کوئٹہ: رکشہ ڈرائیور کے قتل میں ملوث بین الصوبائی ڈکیت گروہ کا سرغنہ گرفتار

**دشت کے علاقے میں پٹرول سے لوڈ رکشہ چھیننے اور ڈرائیور غلام مصطفیٰ کو قتل کرنے کا اعتراف کر لیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیو سریاب پولیس نے رکشہ ڈرائیور کے قتل میں ملوث بین الصوبائی ڈکیت گروہ کے سرغنہ کو گرفتار کر کے اسلحہ اور گاڑی قبضے میں لے لی جبکہ دو ساتھیوں کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں پولیس کے مطابق ڈی ایس پی شالکوٹ سرکل عابد بخاری اور ایس ایچ او نیو سریاب حکیم وزیر گزشتہ شب دیگر عملے کے ہمراہ سریاب کسٹم پر چیکنگ کر رہے تھے اسی دوران ایک گاڑی کو روکنے کا اشارہ کیا ڈرائیور نے پولیس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے کی کوشش کی تاہم پولیس نے گاڑی کو گھیرے میں لے کر ڈرائیور زاہد علی کو گرفتار کر کے گاڑی اور ٹی ٹی قبضے میں لے لی پولیس نے بتایا کہ ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ 13 ستمبر کو دشت میں اپنے تین ساتھیوں کے ہمراہ ایک رکشہ جس پر ایرانی پیٹرول لوڈ تھا کو ڈرائیور سے چھینا تھا جبکہ ڈرائیور غلام مصطفیٰ اور اس کے ساتھی محمد علی کو گاڑی میں ڈال کر نیو سریاب کے علاقے کلی محمد خان میں لا کر فائرنگ کر کے ڈرائیور غلام مصطفیٰ کو قتل جبکہ ساتھی محمد علی کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے تھے ملزم نے اپنے دیگر دو ساتھیوں کی نشاندہی بھی کی جن کی گرفتاری کیلئے پولیس چھاپے مار رہی ہے پولیس نے بتایا کہ گرفتار ملزم بین الصوبائی ڈکیت گروہ کا سرغنہ ہے اپنے گروہ کے ہمراہ دیگر صوبوں میں ڈکیتی کی کئی وارداتوں میں بھی ملوث ہے ملزمان کا ریکارڈ دیگر صوبوں سے بھی حاصل کیا جارہا ہے۔

## جھل مگسی کے علاقے سارنگانی میں دو فریقین کے درمیان فائرنگ، 2 ہلاک

**دس سالہ بچہ زخمی ہو گیا، ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں**

گنداواہ (نامہ نگار) جھل مگسی کے علاقے سارنگانی میں دو فریقین کے درمیان فائرنگ دو افراد موقع پر ہلاک جبکہ ایک دس سالہ بچہ زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق جھل مگسی بی ایریا لیویز تھانہ جھل مگسی کی حدود گاؤں سارنگانی میں دو فریقین کے درمیان فائرنگ سے دو افراد فتح محمد ولد بڈھا خان اور بشل خان ولد ثمیہ خان موقع پر ہلاک جبکہ دس سالہ عبدالعزیز ولد صدام حسین شدید زخمی ہو گیا۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر لیویز نے لاشوں و زخمی بچے کو اپنی تحویل میں لے کر آر ایچ سی جھل مگسی پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشوں کو ورثا کے حوالے کر دیا گیا اور زخمی بچے کو طبی امداد و دیگر مزید علاج کے لیے لاڑکانہ ریفر کر دیا۔ واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جا رہا ہے۔

## ڈیرہ اللہ یار میں فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق

ڈیرہ اللہ یار (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار کے قریب فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق ہو گئے پولیس کے مطابق محبت شاخ کے نواحی گاؤں کے رہائشی 40 سالہ عیدن اپنے نوجوان بیٹے دلدار کے ہمراہ گھر جا رہا تھا کہ پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کی حدود میں مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں باپ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا جبکہ بیٹا ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا پولیس کے مطابق واقعہ رشتے کا تنازع کا شاخسانہ ہے ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جارہے ہیں۔

Scanned with CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 65

Dated: 21 SEP 2024 Page No. 7


## ڈیرہ اللہ یار، بچوں سے بدفعلی کرنیوالا مرکزی ملزم تاحال گرفتار نہ ہوسکا

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ اللہ یار میں سکول کے پانچ بچوں سے مبینہ بدفعلی کرنے والا مرکزی ملزم تاحال گرفتار نہ ہوسکا، سکول کے پرنسپل سمیت دوملزمان کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کرکے ان کا سات روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل کرلیا گیا۔ملزمان نے اعتراف جرم کرلیا، پولیس کے مطابق جعفرآباد کے ڈیرہ اللہ یار میں نجی اسکول کے پانچ بچوں کے ساتھ بدفعلی کرنے والا ملزم تین روز گزرنے کے بعد بھی گرفتار نہ ہوسکا، ایس ایس پی جعفرآباد عطا الرحمٰن ترین کے مطابق اسکول کے پرنسپل محمد ندیم اور وارڈن محمد ابراہیم کو گرفتار کرکے مقدمہ درج کرلیا گیا اور ملزمان کو مجسٹریٹ کی عدالت پیش کرکے سات روز جسمانی ریمانڈ حاصل کرلیا گیا، انہوں نے کہا کہ متاثرہ بچوں کے ساتھ ایک مرتبہ نہیں بلکہ کئی مرتبہ بدفعلی کی گئی۔انہوں نے کہا کہ ملزم کی گرفتاری کیلئے پنجاب میں پولیس ٹیم بھیج دی گئی ہے جلد ملزم کو گرفتار کرلیا جائے گا۔


MASHRIQ QUETTA


## دالبندین، غیراعلانیہ لوڈشیڈنگ کیخلاف پاک ایران شاہراہ بلاک

### معمولات زندگی بری طرح متاثر ہے، گاڑیوں کی لمبی قطاریں، مسافروں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا

### شدید گرمی میں دن دو بجے بجلی چلی جاتی ہے جو ظلم اور ناانصافی ہے، کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے، مظاہرین

دالبندین (نمائندہ خصوصی) دالبندین بجلی کی لوڈشیڈنگ اور غیرمناسب شیڈول کے خلاف پاک ایران شاہراہ بلاک تفصیلات کے مطابق تحریک نوجوانان اتحاد کے زیراہتمام دالبندین میں بجلی کی بدترین لوڈشیڈنگ کے خلاف پاک ایران شاہراہ پر رکاوٹیں کھڑی کرکے احتجاج کیا مظاہرین کے سربراہی حماد بلوچ ودیگر کررہے تھے مشتعل مظاہرین کا کہنا تھا دالبندین ستمبر میں چالیس ٹمپریچر گرمی پڑرہی ہے مگر شدید گرمی میں دن دو بجے بجلی چلی جاتی ہے ظلم اور ناانصافی ہے صبح نو بجے سے لیکر دوپہر دو بجے تک صرف بجلی دی جاتی ہے اس کے بعد رات کو بجلی ہوتی ہے عوام کو رات کو نہیں دن کو بجلی کی ضرورت ہیں دو بجے کے بعد عوام کا برا حال ہے کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گیا ہے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہیں پاک ایران شاہراہ احتجاج کی وجہ سے مسافر گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں مسافروں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا اور مظاہرین نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا فوری طور پر دالبندین میں دن کے وقت بجلی کی ٹائمنگ بحال کیا جائے عوام سخت پریشانی سے دوچار ہے


INTEKHAB QUETTA


## نال شہر مسائل کا گڑھ بن چکا ہے، عوامی حلقے

### پرائس کنٹرول کمیٹی بازار میں جائزہ لینے کیلئے دورہ تک نہیں کررہی، مہنگائی عروج پر ہے

نال (آن لائن) ضلع خضدار کے تحصیل نال شہر مسائلوں کا گڑھ بن گیا گرانفروش اپنے مرضی سے ریٹ بنا کر غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں عوامی حلقوں نے کہا کہ عوام کا کوئی پرساں حال نہیں حکام نوٹس لے کا تفصیلات کے مطابق نال عدم توجہی کے باعث مسائلوں کا گڑھ بن گیا موبائل نیٹ ورک غائب ہونا شہر بھر میں بجلی کی بندش روز کا معمول بن گیا، گرانفروشی، ، ٹریفک جام، تجاوزات کی بھرمار، ناپ تول میں کمی سیوریج کا نظام درہم برہم ہونے کے ساتھ ساتھ نال۔شہر میں مسائل روز بروز بڑھنے لگے اس کے باوجود پرائس کنٹرول کمیٹی بازار میں جائزہ لینے کیلئے دورہ نہیں کرتے عوام کا کوء پرساں حال نہیں ہرکوء اپنے مرضی سے چری تیز کرکے عوام کو لوٹنے لگا ہے واضح رہے کئی مہینے گزر گئے نال انتظامیہ کے زمہ دار گرانفروشوں زخیرہ اندوزوں ناپ تول میں کمی کرنے والے زائدلمیعاد مشروبات* ودیگر اشیاء خورد نوش نرخنامہ کا جائزہ لینے کیلئے شہر کا دورہ تک نہیں کیا اور یہی وجہ ہیکہ مسائلیں نال کی* زینت بن گئی روٹی کافی کم وزن میں تندور والے غریب لوگوں کو فراہم کررہے ہیں جبکہ پیسے زیادہ لے رہے ہیں اسی طرح باقی اشیاہ خوردنوش سمیت دیگر چیزدں کا۔ئی حال ہے


Scanned with CamScanner

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: بلوچستان نیوز

Bullet No. 6

Dated: 21 SEP 2024 Page No. 8

## مسائل سے نمٹنے کے لئے دوٹوک عملی اقدامات کا مستحسن سلسلہ

بلوچستان کے حوالے سے ہم ایک بات عموماً بہت زیادہ سنتے پڑھتے اور بولتے رہتے ہیں کہ بلوچستان پسماندہ اور مسائل میں گھرا ہوا ہے کوئی شک نہیں کہ بلوچستان مختلف وجوہات کی بناء پر ترقی کے سفر میں باقی صوبوں سے پیچھے رہ گیا یہاں مختلف وجوہات کی بناء پر ایسے مسائل کا بھی جنم ہوا جن کا باقی صوبوں میں تصور بھی محال ہے اور یہ بات بھی عین حقیقت ہے کہ بلوچستان میں غربت و پسماندگی کی وجہ کوئی ایک نہیں بلکہ بہت سارے وجوہات ہیں مگر یہ بات بھی ماننی اور تسلیم کرنی چاہئے وجوہات اور عوامل و محرکات جو بھی ہوں وفاقی اور صوبائی حکومت صوبے کو ترقی واستحکام کی منزل تک لے جانے کے لئے غیر معمولی اقدامات اٹھا رہی ہے گزشتہ روز وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایک بار پھر بلوچستان کے مسائل، وسائل، محرومی، پسماندگی اور غربت و دہشت گردی سمیت دیگر مسائل ان کے وجوہات، اثرات، عوامل و عواقب اور اس حوالے سے موجودہ حکومت کی ترجیحات واہداف کی صدائے بازگشت شدت سے سنائی دی ہے اور اس کا محرک وہ تقریب بنی ہے جو میر ہزار خان مری سے متعلق معروف مصنف و دانشور عمار مسعود کی کتاب کی رونمائی کے لئے رکھی گئی تھی۔ پاک چائنہ فرینڈشپ سینٹر میں رکھی گئی اس تقریب رونمائی سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات احسن اقبال، گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے خطاب کرتے ہوئے حقائق سے لبریز بات چیت کی ہے وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں عوام کو ریاست کے خلاف اکسانے کی سازش کی جاتی ہے لیکن میر ہزار خان مری نے ان سازشوں کو سمجھا اور مفاہمت و یکجہتی کی راہ پر گامزن ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جغرافیائی حیثیت اور ملک جس خطہ میں واقع ہے، یہ تاریخی اور عظیم طاقتوں کا سنگم ہے پاکستان ایک ایسا ملک ہے جو ایک نظریہ پر قائم ہوا، پاکستان کی بنیاد رنگ ونسل اور جغرافیہ پر نہیں بلکہ نظریہ پر ہے، ہمسایوں کے مقابلہ میں ہماری تاریخ ایک نوزائیدہ ملک کی ہے لیکن ہمیں مایوس نہیں ہونا چاہئے کیونکہ ہم پہلے بھی بہت سے بحرانوں سے کامیابی سے نکل چکے ہیں بلوچستان کا محل وقوع انتہائی اہم ہے، برطانوی دور سے یہ علاقہ بڑی طاقتوں کی آنکھوں میں کھٹکتا رہا ہے، اگر بلوچستان ریاست پاکستان کا حصہ نہ ہوتا تو خدانخواستہ بڑی طاقتوں کی لڑائی میں اس کا حال بھی افغانستان جیسا ہی ہوتا، افغانستان کے حالات کی بنیادی وجہ بھی بڑی طاقتوں کی رسہ کشی ہے، الحمدللہ ریاست پاکستان کا حصہ ہونے کی وجہ سے بلوچستان میں سازشیں بار بار ناکام ہوئی ہیں، بھارتی جاسوس کلبھوشن یادیو کی گرفتاری ...

کہ کون بلوچستان میں حالات کی خرابی کا خواہشمند ہے۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے مزید کہا کہ پرفریب نعروں سے بلوچستان کے نوجوانوں کو بھڑکانے والے کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، بلوچستان پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہے حکومت نے بلوچستان کی ترقی کو ہمیشہ اولین ترجیح دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خصوصی ہدایت کی ہے کہ بلوچستان کی تعمیر وترقی اور خوشحالی کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ مسائل کے خاتمے کے لئے مفاہمت ہی ہمیشہ ایک بہترین راستہ ہوتا ہے، مزاحمت تباہی کا سبب بنتی ہے۔ جمہوریت کا حسن مفاہمت اور ڈائیلاگ میں ہے۔ اسی طرح وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بھی انتہائی اہم خطاب کیا ہے اور بلوچستان کے حوالے سے بہت سے حقائق بیان کئے ہیں ان کا کہنا تھا کہ ہماری آنے والی نسلوں کو تاریخی حقائق سے ضرور آگاہ ہونا چاہئے بلوچستان کا پاکستان سے الحاق زور زبردستی سے نہیں بلکہ رضا مندی وخوشی سے کیا گیا قائداعظم محمد علی جناح اور خان آف قلات کے مابین تحائف کا تبادلہ اسی باہمی رضا مندی اور خوشی کو ظاہر کرتا ہے کیونکہ یہ واضح ہے کہ تحائف جبراً نہیں خوشی میں دیئے اور لئے جاتے ہیں وڈیرہ میر ہزار خان مری اپنی ذات میں ایک تاریخ تھے جن پر کتاب لکھ کر آنے والی نسلوں کو ان سے متعلق بہتر آگاہی دی یہ کتاب بلوچستان کی جامعات اور تعلیمی اداروں میں طلبہ کے مطالعہ کے لئے پہنچائیں گے اور اس موضوع پر مزید ریسرچ کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان سے لے کر آج تک ہم تصورات سنتے آرہے ہیں حقائق نہیں جانچ رہے قیام پاکستان کا درست تصور پیش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ لوگوں کو حقیقت پتہ چل سکے۔ مذکورہ تقریب کے دوران بلوچستان کے حوالے سے وفاقی وزراء، گورنر اور وزیراعلیٰ صاحب نے جو باتیں کہی ہیں وہ غور وفکر کی متقاضی ہیں بلوچستان کے حوالے سے بحث مباحثوں کو حقائق کا آئینہ دار ہونا چاہئے بلوچستان ملک کا اہم صوبہ ہے جس کی جغرافیائی اہمیت امر مسلم ہے یہ صوبہ ہر طرح کے وسائل سے بھی مالا مال ہے اب المیہ ہے کہ یہ مختلف وجوہات کی بناء پر یہ صوبہ تعمیر وترقی کے سفر میں باقی صوبوں سے پیچھے رہ گیا مگر یہ بات مستحسن اور لائق ستائش ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومت مل کر اب صوبے میں تعمیر وترقی کے اہداف کے حصول اور صوبے کے عوام کو بے روزگار، تعلیم، دور جدید کی سہولیات کی فراہمی کے لئے کوشاں ہیں ہمیں امید ہے کہ ان اقدامات اور منصوبوں کی بدولت بلوچستان میں ترقی اور خوشحالی کے ایک نئے دور کی شروعات ہوں گے اور دیرینہ مسائل کا خاتمہ ہوگا۔

Scanned with CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 21.09.2024**

| اخبارات | اہم قومی ومقامی خبریں | نمبرشمار |
|---|---|---|
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان ایجوکیشن کیمونٹی سکول ٹیچرز واین سی ایچ ڈی کے 40 عارضی اساتذہ مستقل۔ | 01 |
| جنگ ودیگراخبارات | حکومت کا اولین مقصد عوام کے معیار زندگی میں بہتری ہے، بخت کاکڑ۔ | 02 |
| جنگ ودیگراخبارات | ریلوے کی گریڈ ایک تا 16 ایک ہزار 967 آسامیاں ختم کردی گئیں۔ | 03 |
| مشرق ودیگراخبارات | سردارزادہ فیصل جمالی کو لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری کا قلمدان تفویض۔ | 04 |
| جنگ ودیگراخبارات | انتخاب کے دوران وعدوں کی تکمیل ہمارا نصب العین ہے، میر حسن زہری۔ | 05 |
| مشرق ودیگراخبارات | افسران سروس ڈیلیوری کی بہتر کیلئے اقدامات تیز کریں، چیف سیکرٹری۔ | 06 |
| جنگ ودیگراخبارات | ضلعی انتظامیہ کی کاروائیاں گرانفروشی پر 6 دکاندار گرفتار کر لئے گئے۔ | 07 |
| جنگ ودیگراخبارات | بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس 24 ستمبر کو طلب۔ | 08 |
| جنگ ودیگراخبارات | اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے خلاف انتخابی عذرداری کی سماعت۔ | 09 |
| انتخاب ودیگراخبارات | عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا اسپیکر بلوچستان اسمبلی۔ | 10 |
| جنگ ودیگراخبارات | نیشنل پارٹی اپنی قومی ذمہ داری کو نبھائے گی، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ۔ | 11 |
| جنگ ودیگراخبارات | پشتون کلچر ڈے پر میٹروپولیٹن میں تقریب ہوگی، پشتونخوانیپ۔ | 12 |
| سینچیری ودیگراخبارات | جعلی وزیراعلیٰ کی حیثیت سے عوام بخوبی آگاہ ہیں، جے ڈبلیو پی۔ | 13 |

## امن وامان:

کوئٹہ ہزارہ ٹاؤن میں چاردیواری سے 7 سالہ بچے کی ذبح شدہ لاش برآمد، تربت شادی کی تقریب کے دوران ہوائی فائرنگ سے بچہ ہلاک خاتون زخمی، جھل مگسی کے علاقے سازنگانی میں دوفریقین کے درمیان فائرنگ 12 ہلاک، ڈیرہ اللہ یار میں فائرنگ سے باپ بیٹا جاں بحق، کوئٹہ رکشہ ڈرائیور کے قتل میں ملوث بین الصوبائی ڈکیت گروہ کا سرغنہ گرفتار۔

## عوامی مسائل:

جناح ٹاؤن اور ملحقہ علاقوں میں رہزن سرگرم ہوگئے، گوادر پاک ایران سرحدی روڈ بلاک کر کے زائرین کا احتجاج، بھاگ بی آئی ایس پی کی رقم سے کٹوتی نوٹس لینے کا مطالبہ۔

Scanned with CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 21.09.2024

**ادارىہ :**

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ نے "**بلوچستان ترقیاتی اہداف اور معاشی سرگرمیوں کا فروغ**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے محکمہ انڈسٹریز کو ہدایت کی ہے کہ صوبائی سطح پر جتنی بھی این او سیز ہیں ان کا بلاتاخیر اجراء یقینی بنایا جائے تاکہ نجی تشکیل دیئے گئے منصوبوں پر عملدرآمد کا آغاز کرسکے یہ ہدایت انہوں نے اس اعلیٰ سطحی اجلاس میں دی ہے جس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ترقیات) سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی یہ اجلاس وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت صونے میں پرائیوٹ اسپیشل اکنامک زون کی تشکیل سے متعلق تھا اجلاس کے شرکاء کو متعلقہ حکام نے تربت میں نجی اکنامک زون کے مجوزہ منصوبے پر وزیراعلیٰ کو بریفنگ دی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہونے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری کے لئے موزوں خطہ ہے صوبے میں معاشی واقتصادی سرگرمیوں میں تیزی اور نجی شعبہ میں روزگار کے مواقعوں کی فراہمی کے لئے سرکاری سطح پر خصوصی اکنامک زون کی تشکیل کے ساتھ نجی اکنامکس زون کے حوصلہ افزائی کے لئے نجی شعبہ کو ون ونڈو آپریشن کے تحت سہولیات فراہم کی جائیں۔

**اداریے :**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**ترقیاتی اور معاشی سرگرمیوں میں مزید وسعت و تیزی ناگزیر!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "**Governance Challenges**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner